ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(294)

مورخہ 26/05/2023

**بہاولپور(            )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے منشیات و ناجائز اسلحہ برآمد۔سول لائنز پولیس نے قحبہ خانے سے 7 ملزمان کو بھی گرفتار کرلیا۔معاشرتی جرائم ہی معاشرے کی اصل بدامنی کی وجہ ہیں،بھرپور ایکشن جاری رکھا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔سی آئی اے سٹاف اور تھانہ سول لائنز پولیس نے مشترکہ کامیاب کارروائی کی۔ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان عرفان عرف فانی اور محمد اعجاز کو گرفتار کر کے قبضہ سے 02 کلو 680 گرام چرس برآمد کر لی۔تھانہ عباسنگر اور قائم پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان محمد شیراز اور محبوب عرف بگو کو گرفتار کر کے قبضہ سے 35 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔تھانہ سٹی حاصلپور اور ڈیرہ نواب پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان غلام جعفر اور محمد صابر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01 عدد ریوالور 32 بور اور 01 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلیا۔اس کے علاوہ تھانہ سول لائنز پولیس نے قبحہ خانہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 07 مرد و خواتین کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے،ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھنانے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بہاولپور پولیس شب و روز مصروف عمل ہے۔معاشرتی جرائم ہی اصل میں معاشرے کی بدامنی کی وجہ ہیں،جن کے خلاف بھرپور ایکشن جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن،مختلف مقدمات میں منشیات،شراب و ناجائز اسلحہ سمیت متعدد ملزمان گرفتار**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(295)

26-05-2023

**بہاول پور(                    )جمعۃ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ،سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا،ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی،سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعۃ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،سیکیورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بلکل برداشت نہیں جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاولپور:پولیس کے افسران و جوان جمعۃ المبارک کے اجتماعات پر الرٹ ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (296)

26-05-2023

**بہاول پور ( ) تھانہ کوتوالی پولیس کی پتنگ بازی کے خلاف بھرپور کارروائی، پتنگ بنانے والی فیکٹری سے ہزاروں کی تعداد میں پتنگ اور جان لیوا کیمیکل ڈور برآمد۔ پتنگ بازوں اور اس کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی پتنگ بازی و پتنگ سازی سے متعلق جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے پولیس کو اس ضمن میں کارروائی کرنے کے احکامات جاری کیے تھے۔جس کے نتیجہ میں تھانہ کوتوالی پولیس نے اسپیشل انفارمیشن پر پتنگ سازمنی کارخانے پر ریڈ کیا، دوران کارروائی کارخانے سے سینکڑوں کی تعداد میں تیار پتنگیں برآمد کر لیں۔ ہزاروں کی تعداد میں زیر تیار پتنگیں اور بھاری مقدار میں پتنگیں تیار کرنے کا میٹیریل بھی برآمد کر لیا۔دھاتی ڈور اور چرخیوں کی بھاری کھیپ بھی موقع سے قبضے میں لے لی گئی۔ پولیس نے ملزم محمد عاطف عرف عاطی مہاجر کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے کہا پتنگ سازی کے کاروبار اور پتنگ بازی کرنا انتہائی ممنوع ہے یہ ایک خونی کھیل ہے۔ پتنگ بازی اور اس کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف سخت سے سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ پتنگ بازی کھیل نہیں بلکہ جرم ہے کسی صورت رعایت نہیں برتی جائے گی کسی کو عوام الناس کی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے تھانہ کوتوالی پولیس کو اس کامیاب کارروائی پر شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: تھانہ کوتوالی پولیس کی پتنگ بازی کے خلاف بھرپور کارروائی، پتنگ بنانے والی فیکٹری سے ہزاروں کی تعداد میں پتنگ اور جان لیوا کیمیکل ڈور برآمد